سوال

(311)چلتے پھرتے ذکراللہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

چلتے پھرتے ذکراللہ جائز ہے کہ نہیں؟ (اخت طاہر، کراچی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ

"کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یذکر اللہ علی کل أحیانہ"

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر حالت میں اللہ کا ذکر کرتے تھے"۔ (مسلم 117/373)

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

الَّذينَ يَذكُرونَ اللَّهَ قِيـٰمًا وَقُعودًا وَعَلىٰ جُنوبِهِم ... ۱۹۱ ... سورة آل عمران

"عقل والے وہ لوگ ہیں جو اللہ کو کھڑے ہوکر، بیٹھ کر اور پہلوؤں کے بل یاد کرتے ہیں۔"

اس آیت کریمہ سے بھی معلوم ہوا کہ اللہ کا ذکر کھڑے ہوکر، بیٹھ کر اور پہلو کے بل لیٹ کر بھی کیا جا سکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الادب، صفحہ:399

محدث فتویٰ